الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان
دار الافتاء والقضاء
ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name :> **fatima**
Address :> **dewsbury,uk**
Subject :> **JAIZ-NAJAIZ**
Writer :> محبوب الٰہی

Serial No :> **9717**
Fatwa No :>
Date :> **9/15/2010**
Email :>

assalamualaikum wa rahmatullahi wa barakatuhu
maulana sahib mera swal ye he k kya taliyan bajana jaiz hen ya nhi jesa k log taqrirun wagera k bad bjate hen?or iske jaiz hone ya na hone ki kya daleel he?
Mehrbani farma kar mujhe is se agah kijye!Allah swt Apko jazae khaer de!AMEEN!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ!
مولانا صاحب میرا سوال یہ ہے کہ کیا تالیاں بجانا جائز ہے یا نہیں؟ جیسے کہ لوگ تقریروں وغیرہ کے بعد بجاتے ہیں - اور اس کے جائز ہونے یا نہ ہونے کی کیا دلیل ہے؟

الجواب حامدًا ومصلیًا

کسی مقرّر یا نعت خواں وغیرہ کی کلام کے دوران یا اس کے اختتام پر حوصلہ افزائی کیلئے تالیاں بجانا شرعًا ناپسندیدہ اور مکروہ عمل ہے - اس لیئے اس سے احتراز چاہیئے - ہاں اگر یہ کلام کسی قسم کے خلاف شرع امور پر مشتمل نہ ہو بلکہ ملک وملت کی خیر خواہی یا اللہ تعالی کی حمد وثناء وغیرہ پر مشتمل ہو تو بوقتِ ضرورت سبحان اللہ، ماشاء اللہ اور بارک اللہ جیسے کلمات سے حوصلہ افزائی کی جا سکتی ہے -

کما فی الشامیۃ: (قولہ وکرہ کل لهو) (إلی قولہ) واستماعہ کالرقص والسخریۃ والتصفیق وضرب الأوتار فإنہا کلہا مکروہۃ لأنہا زی الکفار الخ (ج ٦ ص ٣٩٥)

واللہ اعلم

محبوب الٰہی عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
٢١ ذی الحجہ ١٤٣١ھ

الجواب صحیح
عبداللہ شوکت
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
٢٣ ذی الحجہ ١٤٣١ھ

دار الافتاء
9717